# منصب کے امور واہلیت

(Job Description & Specification)

| JOB/MBIB/01 | | | |
|---|---|---|---|
| **کام کرنے کی جگہ**(Workplace) | پاکستان | **شعبہ**(Department) | معاونت برائے اسلامی بہنیں |
| **منصب**(Designation) | نگران مجلس | **جوابدہ**(Report to) | رکن شوریٰ |
| **کام**(Function) | شرعی و تنظیمی تقاضوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے دینی کام کرنے میں اسلامی بہنوں کی معاونت کرنا | **ماتحت اسٹاف** (Subordinate Staff) | شعبے کے تمام ذمہ داران |

## منصب کے کام - Job Description

1. شعبے کے تمام کاموں کی نگرانی (Supervision) کرنا اور رکنِ شوریٰ کو مکمل معاونت (Help) و معلومات فراہم کرنا۔
2. شعبے کیلئے اہل، تجربہ کار، تنظیمی طور پر مضبوط مجلس بنانا، اہل ذمہ داران کا تقرر کرنا اور انکی مؤثر رہنمائی کے ذریعے ان سے کام لینا نیز تقرری کا ہر ماہ جائزہ لینا۔
3. جدول سافٹ ویئر میں پیشگی و عملی جدول انٹر کرنا، پیشگی جدول بنانے میں ماتحتوں کی رہنمائی کرنا اور جدول چیک کرنا۔
4. طے شدہ نظام کے مطابق مدنی مشورے کرنا، مدنی مشوروں میں تیاری کیساتھ اول تا آخر شرکت کرنا نیز طے ہونے والے مدنی پھولوں کے اَہداف مکمل کرنا/ کروانا۔
5. شرعی و تنظیمی تقاضوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے دینی کام کرنے میں اسلامی بہنوں کی معاونت (Support) کرنا/ کروانا۔
6. شعبہ معاونت برائے اسلامی بہنیں کے تحت محارم اسلامی بھائیوں کے اجتماعات کروانا، مدنی حلقے لگوانا اور ان کو دینی ماحول سے وابستہ کرنا/ کروانا۔
7. نئے علاقوں میں اسلامی بہنوں کے دینی کام اور گلی گلی مدرسۃ المدینہ شروع کروانا نیز ان کا ریکارڈ بنوانا۔
8. مختلف مقامات (فیضان صحابیات وغیرہ) پر اسلامی بہنوں کے روحانی علاج کے بستے لگوانا اور وہاں کے تمام مسائل حل کروانا۔
9. طے شدہ طریقہ کار کے مطابق فیضان صحابیات میں حاضری دینا۔
10. اسلامی بہنوں کے مختلف اجتماعات کے انتظامات بالخصوص ہفتہ وار اجتماعات میں مکتبۃ المدینہ کا بستہ لگوانا نیز اس کا جائزہ کرنا اور آنے والے مسائل حل کرنا/ کروانا۔
11. شرعی و تنظیمی اصولوں کے مطابق بااثر افراد (شخصیات) کے گھروں میں اسلامی بہنوں کے علاقائی دورے کروانے اور مدنی حلقے لگوانے کے نظام کو مضبوط کرنا۔
12. اسلامی بہنوں کی طرف سے ملنے والے کام مکمل کرنا/ کروانا نیز ان کے فنانس کے معاملات کو جلد از جلد حل کروانا۔
13. شعبے کے جملہ امور کی تکمیل و ترقی کے لیے پلاننگ (Planning) کرنا نیز اس کا شرعی و تنظیمی رہنمائی اور مشاورت کیساتھ نفاذ (Implement) کرنا/ کروانا۔
14. شعبے کے ایس او پیز، جاب ڈسکرپشنز کا مطالعہ کرنا، کے پی آئیز (KPI's) سمجھنا/ سمجھانا نیز تنظیمی معلومات واپڈیٹس سے آگاہ رہنا۔
15. اپنے ماتحت ذمہ داران کے ایچ آر (اجارہ) اور فنانس کے معاملات دیکھنا نیز شعبے سے متعلقہ موصول ہونے والی شکایات و تجاویز کو حل کرنا/ کروانا۔
16. شعبے سے متعلقہ تمام ریکارڈ اپڈیٹ رکھنا/ رکھوانا اور طے شدہ کارکردگیاں چیک کرنا نیز مینول/ سافٹ ویئر میں درست اور بروقت انٹر کروانا۔
17. ای میلز، واٹس ایپ، کالز، میسجز چیک کرنا اور بروقت (Timely) ریپلائی کرنا نیز منصب کے مطابق نگران کی طرف سے ملنے والے کام بروقت مکمل کرنا/ کروانا۔
18. شعبے میں شرعی رہنمائی کے لیے مقرر ذمہ دار کے ذریعے ماتحت افراد اور شعبے سے متعلق مسائل کی شرعی رہنمائی لینا۔

## منصب کی اہلیت - Job specification

- **دنیاوی تعلیم**: کم از کم (FA/FSC) • **دینی تعلیم**: ناظرہ قرآن پاک + فیضان نماز کورس **نوٹ**:۔ درس نظامی کیے ہوئے کو ترجیح دی جائے گی۔
- متعلقہ شعبے میں کم از کم 5 سے 6 سال کا تجربہ
- Communication Skill, Adaptability & Flexibility, Leadership, Time management, Decision-making, Conceptual Skills, Problem-solving, Policy Implementation

## اپنی دنیا اور آخرت کو بہتر کرنے اور دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول میں استقامت پانے کے لیے درجہ ذیل امور پر عمل کی کوشش فرمائیں۔

- روزانہ 2 گھنٹے 12 دینی کاموں بالخصوص قافلہ، مدنی مذاکرہ، نیک اعمال، ہفتہ وار اجتماع اور بڑی راتوں کے اجتماعات میں شرکت فرمائیں نیز ماتحتوں کو بھی ترغیب دلائیں۔

- سنت کے مطابق لباس، داڑھی، زلفیں اور سفید عمامہ وغیرہ اپنائیں۔
- اپنے متعلقہ فرض علوم سیکھیں اور اپنے تحت ذمہ داران کو اسکا ذہن دیں۔
- شعبے کو خود کفیل کرنے کیلئے دیئے گئے (رمضان عطیات، ٹیلی تھون اور قربانی کی کھالیں وغیرہ کے) اہداف مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
- عاشقانِ رسول (شخصیات) کے بچوں کا جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دار المدینہ، فیضان آن لائن اکیڈمی اور فیضان اسلامک اسکول سسٹم میں داخلہ کروائیں۔
- غمی خوشی کے مواقع (عیادت، تعزیت، کفن دفن اور شادی وغیرہ) میں شرکت نیز وقتاً فوقتاً علماء و مشائخ اور دنیاوی بااثر افراد سے ملاقات کریں۔
- شخصیات کو دعوت اسلامی کے اداروں (جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دار المدینہ، دار الافتاء اہلسنت، فیضانِ مدینہ) کا وزٹ کروائیں۔
- مکتبۃ المدینہ کی طرف سے شائع کردہ امیر اہلسنت کی تصنیفات اور اسلامک ریسرچ سینٹر (المدینۃ العلمیہ) کی دیگر کتب و رسائل عاشقانِ رسول میں تقسیم کریں۔